نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21- سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

موجودہ موسمی حالات کے مطابق فصلات کی دیکھ بھال کیلئے محکمہ زراعت پنجاب کی سفارشات جاری

لاہور: 12اپریل 2026: ( ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کاشتکارموجودہ موسمی حالات کے پیشِ نظراپنی فصلوں کا روزانہ معائنہ کرتے رہیں۔ اس ہفتہ جنوبی پنجاب میں درجہ حرارت معمول کے مطابق رہنے کی پیش گوئی ہے۔ کاشتکار فصلوں کو گرمی کی شدت سے بچانے کیلئے محکمہ زراعت پنجاب کی سفارشات پر عمل کریں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ کاشتکار موسم درست رہنے پر گندم پوری طرح پکنے پر کٹائی گہائی کا عمل جلد از جلد مکمل کر کے اس کو محفوظ کر لیں۔اس کے علاوہ کپاس کی کاشت جلد از جلد مکمل کر لیں۔فیلڈ میں موجود فصلوں و سبزیات کی آبپاشی کا وقفہ کم کر دیں۔اس کے علاوہ آم اور ترشاوہ باغات کی آبپاشی کا درمیانی وقفہ بھی کم کر دیں۔کپاس کی کاشت کے دوران موسمی پیشن گوئی کو مدِ نظر رکھیں اور کپاس کی اگیتی کاشت کے نگہداشتی اُمور پر خصوصی توجہ دیں۔ کاشتکار زرعی ایڈوائزری سے باخبر رہنے کیلئے محکمہ زراعت پنجاب کے آفیشل سوشل میڈیا کا باقاعدگی سے وزٹ کریں۔

****